حقائق نامہ

نوجوان اور ٹیکنالوجی

کیا آپ اپنے بچوں سے انٹنیٹ کے استعمال کے بارے میں بات چیت کرنے میں آسانی محسوس کرتے ہیں؟
اگر آپ ٹیکنالوجی کے بارے میں زیادہ نہیں جانتے تو کوئی بات نہیں – ہم سیکھنے میں آپ کی مدد کرسکتے ہیں۔

نوجوان انٹرنیٹ سے کیسے جڑتے (connect) ہیں؟



نوجوان انٹرنیٹ کیسے استعمال کرتے ہیں؟

ایپس



ہر 'ایپ' ایک ایسا پروگرام ہے جو مختلف کام سرانجام دے سکتا ہے۔

سوشل میڈیا

سوشل میڈیا کی تعریف مختلف ویب سائٹس اور ایپس کے طور پر کی جاتی ہے جہاں آپ ایک ذاتی پروفائل بناتے ہیں تاکہ آپ دوسروں سے بات چیت کرسکیں۔ مثالوں میں فیس بک، انسٹاگرام اور سنیپ چیٹ شامل ہیں۔

گیمنگ

گیمز نوجوانوں کے محظوظ ہونے کا ایک زبردست طریقہ ثابت ہوسکتا ہے۔ گیمز سے بچوں کو درج ذیل میں مدد مل سکتی ہے:



- مسائل حل کرنے کے ہنر سیکھنا
- دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرنا
- اعتماد بڑھانا۔

ڈاؤن لوڈنگ یا فائل شیئرنگ



ایک ڈیوائس سے دوسرےڈیوائس میں ڈیٹا، فائلز یا معلومات کاپی کرنے کے عمل کو ڈاؤن لوڈنگ کہا جاتا ہے۔

انسٹیٹنٹ میسجنگ اور 'چیٹ'



انسٹیٹنٹ میسجنگ (Instant messaging - IM) اور 'چیٹ' میں انٹرنیٹ پر فوری پیغامات بھیجے (اور موصول) کئے جاتے ہیں۔
اگر آپ کے کمپیوٹر یا موبائل ڈیوائس پر ویب کیمرہ \ کیمرہ ہے تو آپ ویڈیو چیٹ بھی کرسکتے ہیں۔

نوجوان ان دوستوں یا گھرانے کے افراد سے بات چیت کی خواہش کرسکتے ہیں جو بہت دور رہتے ہیں۔

تصاویر اور ویڈیو شیئر کرنا

تصاویر اور ویڈیوز شیئر کرکے ہوسکتا ہے کہ نوجوانوں کو دوستوں سے بات چیت کرنے کا ایک پرمسرت طریقہ میسر آتا ہو۔



اگرچہ کچھ ایپس اس بات کا دعوی کرتی ہیں کہ مواد 'غائب' ہوجاتا ہے، پھر بھی اپنے بچوں کو یاد دلائیں کہ ایک تصویر کو پھر بھی کاپی، محفوظ یا اسٹور کیا جاسکتا ہے۔

ایک تصویر یا ویڈیو جب ایک دفعہ بھیج دی جاتی ہے تو آپ کا اس بات پر سے کنٹرول ختم ہوسکتا ہے کہ یہ کہاں کہاں جاتی ہے۔

میں انٹرنیٹ پر محفوظ سرچ کرنے میں اپنے بچوں کی کیسے مدد کرسکتا ہوں؟

انٹرنیٹ پر کچھ مواد غیرقانونی یا کچھ مخصوص عمر کے لوگوں کے لئے غیر موزوں ہوسکتا ہے۔

10 سال سے کم عمر بچے

-10

یہ ایک اچھا خیال ہے کہ بالغ افراد 10 سال سے کم عمر کے بچوں کی نگرانی کریں، اور ان کے ساتھ مل کر ٹیکنالوجی کے بارے میں جانیں۔

آپ فلٹرنگ سافٹ ویئر، پیرنٹل کنٹرول اور محفوظ سرچ کے کنٹرول بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

11 سے 12 سال کی عمر کے بچے

11–12

ہوسکتا ہے کہ وہ علیحدگی میں انٹرنیٹ استعمال کرنے کی زیادہ آزادی چاہیں۔ محفوظ سرچ کی تدابیر اور پیرنٹل کنٹرول پھر بھی فائدہ مند ہوسکتے ہیں۔

انٹرنیٹ کے محفوظ استعمال کے بارے میں بات چیت کریں اور اپنے بچے سے گفتگو کریں کہ اگر انہیں کوئی آن لائن تنگ کرے تو ایسی صورت میں انہیں کیا کرنا چاہئے۔

13 سے 17 سال کی عمر کے بچے

13–17

اس عمر کے بچوں کو یہ سمجھنے میں مدد دیں کہ کیسے محفوظ سرچ کی جائے اور ان کی تعلقات کو باعزت رکھنے کی حوصلہ افزائی کریں۔

ٹیکنالوجی استعمال کرنے کے بارے میں ThinkUKnow کی اہم ترین تدابیر

- سوشل میڈیا پر دوستی اور فالو کرنے کی درخواستیں قبول کرتے ہوئے احتیاط برتیں۔
- بلاک اور رپورٹ کرنا سیکھیں
- آپ اور آپ کے بچے جو سوشل میڈیا ویب سائٹیں اور ایپس استعمال کرتے ہیں ان کے بارے میں جانیں کہ ان سے مدد کیسے حاصل کی جاسکتی ہے۔
- اس بارے میں آگاہ رہیں کہ آپ کے بچے آن لائن کون سا مواد دیکھتے ہیں۔
- اپنے بچوں سے اس بارے میں بات چیت کریں کہ وہ کب اور کیسے انٹرنیٹ استعمال کرتے ہیں۔

مزید معلومات اور تدابیر کے لئے **www.thinkuknow.org.au** پر جائیں!

بچوں کی ہیلپ لائن

1800 55 1800

Kids Helpline 1800 55 1800

@ThinkUKnow_Aus

facebook.com/ThinkUKnowAustralia

www.thinkuknow.org.au